# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT, KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1216 https://www.facebook.com/pakpgov

**Most Immediate**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis:II/2025/** 9678
**Date: 1st December, 2025**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 56 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 2025, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

**2.** Questions in 51st, 52nd, 53rd, 54th, 55th, 56th, 57th, 58th, 59th and 60th groups as at Annexure-II will be taken-up on 8th, 9th, 10th, 11th, 12th, 15th, 16th, 17th 18th and 19th December, 2025, respectively, for the 9th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

**3.** In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: - Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:-www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-IX**

Endst: No. & Date Even

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
8. The Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The Principal Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Speaker.
12. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.
13. The Deputy Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
14. The Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.
15. The P.A to Special Secretary, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Special Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY-IX**

**ANNEXURE-I**

## ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 51st | Monday 8th December, 2025 | • Relief, Rehabilitation & Settlement<br>• Finance<br>• Irrigation<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare & Women Empowerment |
| 52nd | Tuesday 9th December, 2025 | • Food<br>• Energy & Power<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 53rd | Wednesday 10th December, 2025 | • Agriculture<br>• Communication & Works<br>• Law, Parliamentary Affairs & Human Rights<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Live Stock, Fisheries & Cooperative<br>• Public Health Engineering |
| 54th | Thursday 11th December, 2025 | • Planning & Development<br>• Health<br>• Home & Tribal Affairs<br>• Culture, Tourism, Archaeology & Museum |
| 55th | Friday 12th December, 2025 | • Labour<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife |
| 56th | Monday 15th December, 2025 | • Relief, Rehabilitation & Settlement<br>• Finance<br>• Irrigation<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare & Women Empowerment |
| 57th | Tuesday 16th December, 2025 | • Food<br>• Energy & Power<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 58th | Wednesday 17th December, 2025 | • Agriculture<br>• Communication & Works<br>• Housing<br>• Local Government, Elections & Rural Development<br>• Live Stock, Fisheries & Cooperative<br>• Public Health Engineering |
| 59th | Thursday 18th December, 2025 | • Planning & Development<br>• Health<br>• Establishment<br>• Sports & Youth Affairs<br>• Home & Tribal Affairs<br>• Culture, Tourism, Archaeology & Museum |
| 60th | Friday 19th December, 2025 | • Revenue & Estate<br>• Auqaf, Hajj, Religious & Minority Affairs<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا اکیاونواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 8 دسمبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:13 PM - Mon
**Question # 1516** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر سماجی بہبود ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ معذور افراد کو الات مہیا کرتا ہے؟

(ب) محکمہ نے معذور طبقے کو Main Stream سوسائٹی میں لانے کے لیے کیا اقدامات کئے ہیں؟

(ج) آیا حکومت، پرائیویٹ سوشل ویلفئیر کے ساتھ کوئی Working Relationship بنانے کا ارادہ رکھتی ہے تاکہ غربت کا خاتمہ ہو۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:47 PM - Mon
**Question # 1589** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر زکوٰۃ وعشر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) اس وقت صوبہ بھر میں کتنی ضلعی زکوٰۃ کمیٹیاں فعال ہیں؟ اور کتنے اضلاع میں ضلعی زکوٰۃ کمیٹیاں غیر فعال ہیں؟

(ب) گزشتہ 5 سالوں کے دوران ہر اضلاع میں کتنی رقم ان کمیٹیوں کے ذریعے مستحقین زکوٰۃ میں تقسیم کی گئی؟ ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) صوبہ بھر میں لوکل زکوٰۃ کمیٹیوں کی تعداد کتنی ہے؟ خصوصاً ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مقامی زکوٰۃ کمیٹیوں کی تعداد کتنی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:06 PM - Mon
**Question # 1404** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) اس وقت صوبہ خیبر پختونخواہ پر اندرونی اور بیرونی قرضوں کی کل حجم / مالیت کیا ہے اس کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائیں۔

(ب) گزشتہ 4 ادوار میں حکومت نے لینے والے قرضوں کی تفصیل ہر دور حکومت کی علیحدہ علیحدہ فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:36 PM - Mon
**Question # 1450** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بحالی وآبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 2022 کے سیلاب کے بعد حکومتی سروے کے مطابق مقامی لوگوں کی املاک تباہ ہوئی تھیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت نے مذکورہ متاثرین کو امداد دینے کا اعلان کیا تھا اور بعض متاثرین میں چیک بھی تقسیم کیے گئے تھے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) جن متاثرین لوگوں میں چیک تقسیم کیے گئے ہیں ان کا شناختی کارڈ نمبر، ملنی والی امدادی رقم بمعہ مکمل ایڈریس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) جن گھرانوں یا خاندانوں کو امدادی رقم تاحال نہیں ملی ان کو امدادی رقم کب تک ملے گی؟

**Notice Date :** Jul 10, 2025 -- 02:34 PM - Thu
**Question # 1684** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 29, 2025 - Tue
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) Khyber Pakhtunkhwa River Protection Ordinance 2022 اور Khyber Pakhtunkhwa Water Act 2020 کے مقاصد کیا ہیں تفصیل فراہم کی جائے؟

(ب) محکمہ کی اس Ordinance اور Act کے تحت گذشتہ تین سالوں میں کی گئی کارروائیوں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2025 -- 09:00 AM - Fri
**Question # 1695**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2025 - Fri
**محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)صوبہ خیبر پختونخواہ کامالی سال 2024-25 کا خسارہ کتنے ارب روپے تھا؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2025 -- 09:01 AM - Fri
**Question # 1689**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 07, 2025 - Thu
**محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر امداد، بحالی وآباد کاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)صوبے میں حالیہ آفات اور سیلاب کے دوران متاثرہ خاندانوں کی بحالی کے لئے حکومت نے کیااقدامات کیے ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 06, 2025 -- 12:50 PM - Wed
**Question # 1703**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ بینک آف خیبر میں بڑاحصہ خیبر پختونخوا کاہے؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت کی سفارش پر صوبے کی جانب سے بورڈ ممبران تعینات ہوتے ہیں؟

(ج)اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i)مذکورہ بینک بننے سے تاحال بورڈ ممبران میں اس صوبے سے کتنے تجربہ کار صنعت کار،بینکرز یادیگر معاشی ماہرین کو بورڈ ممبران تعینات کیاگیاہے؟ بورڈ ممبران کے ناموں کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 06, 2025 -- 12:51 PM - Wed
**Question # 1701**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 18, 2025 - Mon
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست کہ بینک آف خیبر میں اسلامک اور روایتی بینکنگ سسٹم چل رہاہے؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ بینک آف خیبر کی ملک بھر میں اسلامک برانچز اور روایتی بینکنگ کے برانچز موجود ہیں؟

(ج)اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) بینک آف خیبر کی کل کتنی برانچز ہیں؟ان میں اسلامک بینک کی تعداد کتنی ہیں؟اور روایتی بینکنگ کی تعداد کتنی ہے؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) بینک آف خیبر کی جو برانچز نقصان میں ہیں ان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 27, 2025 -- 11:00 AM - Wed
**Question # 1787**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر امداد، بحالی وآباد کاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف علاقہ جات بونیر، شانگلہ، صوابی وغیرہ میں امداد تقسیم کی جارہی ہے؟کیاآئیندہ کے لیے بھی امدادی پیکجز زیر غور ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:

(i)اس کے لیے کیاطریقہ کار بنایاگیاہے اور اس عمل کی نگرانی کس طریقہ کار کے تحت کن حکام کے زیر نگرانی ہورہی ہے؟

(ii)نیز مذکورہ امدادی پیکج کی تقسیم کو کیسے شفاف طریقہ سے دیاجائے گا۔مکمل تفصیل بمعہ طریقہ کار فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 01:24 PM - Mon
**Question # 1791**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر زکوٰۃ، عشر، سماجی بہبود آبادی اور سوشل ویلفیئر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ غریبوں، بیوہ گان، یتیموں اور معذوروں کے لیے وظیفہ یا نقد رقم دیتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ 5 سالوں کے دوران ضلع مردان میں کتنے لوگوں کو زکوٰۃ فنڈز، جہیز فنڈز اور تعلیمی سکالرشپ دیئے گئے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 03, 2025 -- 02:32 PM - Wed
**Question # 1809**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 17, 2025 - Wed
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہ کرم وزیر برائے محکمہ آبپاشی ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ سال 2024 سے تاحال ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں محکمہ آبپاشی کی جانب سے مختلف ٹینڈرز جاری کیے گئے ہیں، جن میں حلقہ پی کے-115 میں گومل زام اور رودکوہی سے متعلق ٹینڈرز بھی شامل ہیں؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ تفصیل فراہم کی جائے کہ:

1۔ حلقہ پی کے-115 میں کس نوعیت کے کاموں کے لیے ٹینڈرز جاری کیے گئے؟

2۔ کن کنٹریکٹرز یا فرمز کو یہ ٹینڈرز دیے گئے؟

3۔ ان ٹینڈرز کے تحت کتنی رقم جاری کی گئی؟

4۔ متعلقہ کاموں کی تکمیل کی موجودہ صورتحال کیا ہے؟

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 01:00 PM - Fri
**Question # 1796**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے سماجی بہبود ازراہ کرم ارشاد فرمائینگے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور میں شیلٹر ہومز قائم ہیں اور ان شیلٹر ہومز میں خواتین اور بچے بھی مقیم ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i) پشاور میں ان شیلٹر ہومز کی تعداد کتنی ہے اور اس وقت ان شیلٹر ہومز میں مقیم خواتین و بچوں کی تعداد کتنی ہے؟

(ii) ان اداروں / شیلٹر ہومز کو فنڈز فراہم کرنے کا کیا طریقہ کار ہے؟

(iii) ان شیلٹر ہومز کی کارکردگی جانچنے سمیت شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنانے کے لیے حکومت نے کوئی طریقہ وضع کیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:42 PM - Fri
**Question # 1765**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہ کرم وزیر برائے محکمہ آبپاشی ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ آبپاشی نے آبی گزرگاہوں اور سیلابی نالوں پر سیلاب سے بچاؤ کے لیے حفاظتی بند تعمیر کیے ہیں؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم یہ تفصیل فراہم کی جائے کہ موجودہ حکومت نے ضلع ہری پور میں کن کن مقامات پر حفاظتی بند تعمیر کیے ہیں اور ان پر کتنا خرچ آیا ہے؟ سکیم وار تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:43 PM - Fri
**Question # 1762**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہ کرم وزیر برائے آبپاشی ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ حکومت بھل صفائی کے لیے ہر سال فنڈز مختص کرتی ہے تاکہ زمینداروں کو زمین کی کاشت کے لیے وافر مقدار میں پانی میسر آسکے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم یہ بتایا جائے کہ مالی سال 2024-25 میں ضلع ہری پور کی بھل صفائی کے لیے کتنی رقم مختص کی گئی اور یہ رقم کہاں کہاں خرچ ہوئی؟ سکیم وار تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 09, 2025 -- 04:30 PM - Tue
**Question # 1812**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہ کرم وزیر برائے خزانہ ارشاد فرمائیں کہ :

(الف) کیا یہ درست ہے کہ گزشتہ حکومت (یعنی 2018 کے بعد) نے جی۔پی فنڈز اکاؤنٹ سے قرض لیا تھا؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ وضاحت فرمائی جائے کہ :

1۔ اگر قرض کی واپسی ہو چکی ہے تو کیا منافع متعلقہ محکمے کو دیا گیا جس سے قرض لیا گیا تھا، یا حکومت نے ابھی تک یہ قرض واپس نہیں کیا؟

2۔ اگر قرض واپس نہیں کیا گیا تو حکومت کب تک یہ قرض واپس کرے گی؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا باونواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

## جو کہ 9 دسمبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:41 AM - Mon
**Question # 1605**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اسلامیہ کالج پشاور میں مورخہ 08 اگست 2017ء کو کچھ ملازمین کو کنٹریکٹ پر بھرتی کیا گیا تھا، جن کو بعد میں ملازمت سے برخاست کیا گیا تھا؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ملازمین کو 08 مئی 2024ء پشاور ہائی کورٹ نے اپنی ملازمت پر بحال کر دیا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو محکمہ نے پشاور ہائی کورٹ کے فیصلہ پر عمل درآمد کیوں نہیں کیا؟ اور ان ملازمین کو تا حال تنخواہ کیوں نہیں دی گئی؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:42 AM - Mon
**Question # 1604**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور اور صوبے کے اکثر تعلیمی اداروں میں آئس کا نشہ طلباء وطالبات میں زیادہ پھیل رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت نے آئس کے نشے کے تدارک کیلئے کیا اقدامات کیے ہیں؟ حالانکہ آئس یونیورسٹی کے اندر بغیر کسی روک تھام کے آسانی سے ملتی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:57 AM - Mon
**Question # 1369**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ حکومت نے صوبہ میں نئے سکولز تعمیر کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ایبٹ آباد میں طلباء وطالبات کے کل کتنے پرائمری مڈل وہائیر سیکنڈری سکولز تعمیر کئے گئے ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:58 AM - Mon
**Question # 1370**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ صوبے بھر کے گرلز و بوائز سکولوں میں خصوصی افراد کے کوٹے پر اساتذہ بھرتی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) کیا مذکورہ آسامیوں کے لیے اشتہار دیا گیا ہے؟ اگر جواب ہاں میں ہو تو اشتہار کی کاپی فراہم کی جائے۔

(ii) ضلع ایبٹ آباد میں خصوصی افراد کے کوٹے میں کل کتنی آسامیاں کون کون سی کیٹگری میں کن کن سکولوں میں خالی ہیں؟ نیز میل وفی میل سکولوں میں خصوصی افراد کے کوٹے کے علاوہ کونسی کیٹیگری میں دیگر آسامیوں پر تقرریاں کب کی گئی تفصیل بمعہ دستاویزات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:34 PM - Mon
**Question # 1551**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر توانائی و برقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)اس وقت صوبہ بھر میں ہائیڈل پاور کے کتنے منصوبے فعال ہیں اوران منصوبوں کی پیداواری صلاحیت کیا ہے ؟

(ب) گزشتہ 5 سالوں کے دوران صوبہ خیبر پختونخوا میں ہائیڈل پاور کے کتنے منصوبے شروع کئے گئے ہیں ؟نیزان منصوبوں کی پیداواری صلاحت کتنی ہے ؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:39 PM - Mon
**Question # 1545**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) آیایہ درست ہے کہ گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان کے بیشتر ملازمین کے پنشن کیسز التواء میں پڑے ہوئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) گومل یونیورسٹی ہر سال پنشن کی مد میں کتنی رقم خرچ کرتی ہے ؟

(ii) اب تک پنشن کی مد میں کتنے ملازمین کے کیسز زیر التواء ہیں۔

(iii) پنشن کی مد میں زیر التواء کیسز کے ملازمین کے نام اوران کے بقایاجات کی تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:31 PM - Mon
**Question # 1596**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف کالجز و یونیورسٹیز میں تعمیراتی و ترقیاتی کام ہوتے رہے ہیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2013-14 سے لیکر دسمبر 2023 تک گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان میں جتنے تعمیراتی و ترقیاتی کام ہوئے ہیں ان کی تعمیرلاگت ،پی سی ون اور ٹھیکدار و فرمز کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:37 PM - Mon
**Question # 1431**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ حال ہی میں پورے صوبے اور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مختلف سکولوں کو اپ گریڈ کیا گیا ہے اور نئے سکولوں کی تعمیر بھی ہوئی ہیں۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) تاحال ڈیرہ اسماعیل خان میں کتنے سکول، کہاں کہاں اپ گریڈ کئے گئے ہیں اور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں تاحال کتنے نئے سکول کہاں کہاں پر تعمیر کئے گئے ہیں ،تحصیل وائز مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) نیز تحصیل درابن، تحصیل درازندہ اور تحصیل کلاچی میں باوجود اس کے کہ یہ علاقے کافی پسماندہ ہیں، سکول کیوں اپ گریڈ نہیں کئے گئے اور نا ہی نئے سکول تعمیر کئے گئے ہیں،اس حوالے سے سکولوں کی اپ گریڈیشن اور نئے سکولوں کی تعمیر کے حوالے سے صوبائی حکومت نے کیا کسوٹی رکھی ہے، تفصیل سے فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:56 PM - Mon
**Question # 1414**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خوراک از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ نگران حکومت نے وفاقی سطح پر گندم کی خریداری کی تھی ؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ نگران حکومت کو جو باہر سے گندم فراہم کی گئی تھی۔ وہ پورے پاکستان سمیت صوبہ خیبر پختونخوا کے گوداموں میں سٹور کی گئی تھی ؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو خیبر پختونخوا کے گوداموں میں اب تک کتنی گندم اور کتنے عرصے سے پڑی ہے۔ آیایہ گندم استعمال کے قابل ہیں کہ نہیں مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:16 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1438**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں بالعموم اور ضلع بنوں میں بالخصوص نئے منظور شدہ اور اپ گریڈ شدہ مڈل ہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولوں میں مختلف آسامیوں کی منظوری دی گئی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ضلع بنوں میں نئے منظور شدہ اور اپ گریڈ شدہ مڈل ہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولوں کی تعداد کتنی ہے؟ اور اس میں موجود پوسٹیں کون کون سی ہیں۔ پوسٹ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) کیا ان منظور شدہ پوسٹوں میں TT (تھیالوجی ٹیچر) کی پوسٹ شامل ہے اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:01 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1441**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- پی کے -95**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018 تا 2023 کی اے ڈی پیز میں حلقہ PK-95 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟ اس میں کتنا جاری اور کتنا خرچ ہوا تھا؟

(ب) خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:02 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1456**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب محمد ریاض صاحب , رکن صوبائی اسمبلی- پی کے -95**

کیا وزیرِ ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) حکومت نے سال 2019ء سے 2024ء تک PK-95 اور PK-96 میں کتنے سکولوں کو پرائمری سے مڈل، مڈل سے ہائی، اور ہائی سے ہائیر سیکنڈری میں اپ گریڈ کیا ہے؟ اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) اسی دوران مذکورہ حلقوں میں کتنے نئے سکول قائم کئے گئے ہیں؟ اس کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:23 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1466**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**محترمہ عاصمہ عالم صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) تحصیل ٹوپی میں پرائمری، مڈل اور ہائی سکول برائے گرلز اور بوائز کی کل تعداد کتنی ہے؟

(ب) مذکورہ سکولوں میں کون کون سے سٹاف کی کمی ہے؟ میل اور فی میل سٹاف کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز سٹاف کی کمی کب تک پوری کردی جائے گی؟

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:29 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1461**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب اعجاز محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں ہر سال نویں، دسویں، گیارویں اور بارویں کلاس کے سالانہ اور سپلیمنٹری امتحانات منعقد ہوتے ہیں؟ جن میں سکولوں کے اساتذہ ڈیوٹیاں سرانجام دیتے ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ڈیوٹی دینے والے اساتذہ کو اپنی تنخواہ کے علاوہ معقول معاوضہ بھی دیا جاتا ہے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ امتحانات اکثر سکولوں کی پڑھائی کے دنوں میں منعقد ہوتے ہیں؟ جس سے طلباء کا قیمتی وقت پڑھائی کئے بغیر گزر جاتا ہے؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) حکومت طلباء کی پڑھائی کے اوقات کو ضائع ہونے سے بچانے کے لئے کیا اقدامات کر رہی ہے؟

(ii) سکولوں اور کالجوں میں امتحانات کی ڈیوٹی کی وجہ سے اساتذہ کی غیر حاضری یا کمی کو کیسے یا کس طریقہ کار کے ذریعے پورا کیا جاتا ہے؟

(iii) حکومت امتحانات میں صرف اساتذہ کی ڈیوٹی لگانے کے بجائے کوئی دوسرا طریقہ اختیار کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:33 AM - Tue
**Question # 1618**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)ضلع باجوڑ میں موجودہ وقت سکولوں کی تعداد کتنی ہے ؟سکول کانام اور جگہ کانام بتایاجائے۔

(ب)مذکورہ سکولوں میں اساتذہ کی تعداد سکول وائزفراہم کی جائے۔

(ج)تمام سکولوں میں طلباء کی مکمل تعداد سکول وائزاورٹوٹل فراہم کی جائے ؟

(د)موجودہ وقت تمام سکولوں میں خالی آسامیوں کی تعداد بمعہ کیٹگری فراہم کی جائےاور شرح خواندگی کاکیاتناسب ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:42 AM - Tue
**Question # 1489**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرخوراک ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)گزشتہ 5سالوں کے دوران کتنی گندم کہاں کہاں سے خریدی گئی اور کہاں کہاں فروخت کی گئی ؟اور موجودہ وقت کتنی گندم گوداموں میں موجود ہیں ؟گودام وائزتفصیل فراہم کی جائیں۔نیز5سالوں کے دوران مذکورہ خریدوفروخت میں نفع ونقصان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا ترپنواں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 10 دسمبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:38 AM - Mon
**Question # 1565**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ PDA نے پشاور میں ریگی ماڈل ٹاؤن کے نام سے ایک منصوبہ شروع کیا تھا؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ منصوبے کے پانچ زونز میں سے 3 زونز ابھی تک نامکمل ہیں؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ PDA پچھلے 25 سالوں سے سرکاری ملازمین اور عام لوگوں سے فائل کی ٹرانسفر پر فیس لے رہی ہے؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو PDA نے سال 2010 سے جون 2022 تک 3 نامکمل زونز میں فائل کی ٹرانسفر پر کتنی رقم وصول کی ہے۔ سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:39 AM - Mon
**Question # 1550**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) پی ڈی اے کے زیر ملکیت پشاور میں کل کتنے پلازے ہیں؟

(ب) ہر پلازے میں کتنے فلور ہیں اور ہر فلور میں کل کتنی دوکانیں ہیں؟

(ج) ہر دوکان کا کرایہ، دوکان دار کا نام، پتہ اور اس دوکان میں کیا کاروبار کر رہا ہیں تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:38 PM - Mon
**Question # 1555**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مقامی حکومتوں کا آڈٹ ہر سال آڈیٹر جنرل تیار کرتے ہیں۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ رپورٹ تیار ہونے کے بعد کن حکام کو کس قانون / جواز کے تحت پیش کیا جاتا ہے

(ج) مذکورہ سالانہ رپورٹ گورنر کو پیش کیا جاتا ہے یا نہیں تفصیل فراہم کی جائے۔۔ نیز اس رپورٹ کیلئے موزوں فورم کونسی ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:42 PM - Mon
**Question # 1588** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Law state that:

(a) It is true that the department enacted laws/acts from time to time related to the department/attached departments and subordinate bodies & authorities?

(b) Whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department / subordinate department? If so the details there of, if not the reasons there of:

(c) Is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of :

(i) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:06 PM - Mon
**Question # 1632**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) تحصیل ہری پور میں 2015 سے لیکر اب تک کتنی نئی واٹر سپلائی سکیمیں بنائی گئی ہیں؟

(ب) یہ سکیمیں کہاں کہاں بنائی گئیں ہیں اوران کے مکمل ہونے پر کتنی لاگت آئی ہے؟ان میں کتنی فنکشنل اور کتنی نان فنکشنل ہیں، ہر ایک کی تفصیل بمعہ تحریری دستاویزات فراہم کی جائے۔

(ج) مذکورہ عرصہ میں جس جگہ پر نئی واٹر سپلائی سکیمیں بنائی گئی ہیں وہاں کے لینڈاونر (Land Owner) کے نام وپتہ اور انتقال اراضی کی کاپی بھی فراہم کی جائے۔

(د) سال 2015 سے پہلے اس حلقہ میں کتنی واٹر سپلائی سکیمیں تھیں؟اور یہ سکیمیں کہاں کہاں موجود ہیں۔ان میں کتنی فنکشنل اور کتنی نان فنکشنل ہیں۔اگر نان فنکشنل ہیں تو اس کی وجہ کیا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:07 PM - Mon
**Question # 1633**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے ضلع ہری پور میں سال 2014 سے 2023 کے دوران مختلف پوسٹوں پر تعیناتیاں کی گئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران ضلع ہری پور میں جن جن پوسٹوں پر بھرتی ہوئی ہیں ان بھرتی شدہ افراد کے نام، عہدہ، پتہ، ٹیسٹ انٹرویو کے نمبروں کی لسٹ این ٹی ایس ٹیسٹ کے حاصل کردہ نمبروں کی لسٹ اور جملہ کوائف کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 29, 2025 -- 03:51 PM - Tue
**Question # 1696**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2025 - Fri
**جناب محمد عبدالسلام صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرقانون پارلیمانی اموراورانسانی حقوق ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا میں مورخہ 11 نومبر 2024 کو متفقہ طور پر پاس کردہ قرارداد نمبر 112 کے ضمن میں محکمہ سے متعلق اُمور پر تاحال حکومت نے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 08:40 AM - Wed
**Question # 1712**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2020 سے سال 2025 کے دوران ضلع ہری پور کے متعدد ٹیوب ویلز کو سولر سسٹم میں تبدیل کیا گیا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ہری پور میں کتنے ٹیوب ویلز کو سولر سسٹم میں تبدیل کیا ہے،ان میں کتنے چالو اور کتنے کب سے خراب حالت میں ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:31 AM - Wed
**Question # 1715**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرمارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اے ڈی پی سال 23-2022، 24-2023 اور 25-2024 میں صوبے کی واٹر سپلائی اور سینی ٹیشن کی سکیموں کی تعمیر وبحالی کے لئے رقم مختص کی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکیموں میں سے تحصیل ہری پور کے لیے کتنا فنڈز مختص کیا گیا، کتنی سکیموں پر کام ہوا، ہر سکیم کی نوعیت اور مقام کی تفصیل علیحدہ سال وار فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:43 AM – Mon
**Question # 1731**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 25, 2025 - Mon
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ٹی ایم اے لکی مروت کے زیر انتظام پینے کے صاف پانی کی فراہمی کی کتنی سکیمیں فنکشنل ہیں اور کتنی خراب ہیں، خراب سکیموں کی بحالی کیلئے کیااقدامات اٹھائے جارہے ہیں نیز ٹی ایم اے لکی مروت کی پچھلے پانچ سالوں کی آمدن اوراخراجات کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائے؟

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:44 AM - Mon
**Question # 1732**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 25, 2025 - Mon
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت کو خوبصورت بنانے کے لیے بیوٹیفکیشن فنڈ متعارف کرایا گیا تھا؟

(ب)اگر(الف)کا جواب مثبت میں ہوں تو:

(i)مذکورہ مد میں کتنا فنڈ مختص کیا گیا تھا؟

(ii)مذکورہ فنڈ سے ضلع لکی مروت کو خوبصورت بنانے کے لیے کتنا فنڈ خرچ کیا گیا؟

(iii)خرچ شدہ فنڈ کن کن منصوبوں پر لگایا گیا۔ان منصوبوں کی سکیم وائز تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 21, 2025 -- 12:50 PM - Thu
**Question # 1816**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 17, 2025 - Wed
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی ترناب فارم حلقہ PK-75 پشاور میں ایگریکلچرانجینئرنگ اور زرعی انسٹیٹیوٹ موجود ہے اور زراعت سے وابستہ مختلف سرگرمیاں بھی سرانجام دے رہی ہیں؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو:-

(i)مذکورہ بالادفاتر میں موجود عملے (پراجیکٹ ملازمین، ڈیلی ویجز ملازمین اور مستقل ملازمین) کی مکمل تفصیل بمعہ نام، پتہ، ولدیت سمیت پراجیکٹس کے نام بھی فراہم کی جائیں۔

(ii)ایگریکلچرانجینئرنگ اور زرعی انسٹیٹیوٹ کے دفاتر میں سال 2018 سے تاحال خالی آسامیوں کی تفصیل بھی فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Aug 25, 2025 -- 09:35 AM - Mon
**Question # 1808**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**محترمہ فائزہ ملک صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ علاقہ تناول میں لنک روڈز کی حالت انتہائی خراب اور خستہ حال ہے؟اور عرصہ دراز سے ان کی مرمت نہیں کی گئی؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو علاقہ تناول روڈز کی پختگی اور مرمت کے حوالے سے حکومت کی جانب سے کیافوری منصوبہ بندی کی گئی ہے ؟اوراس کو کب تک تعمیر ومرمت کیاجائے گا؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 05:15 PM - Mon
**Question # 1771**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**جناب مخدوم زادہ محمد آفتاب حیدر صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہ کرم وزیر برائے حیوانات و کوآپریٹو ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ حیوانات و کوآپریٹو نے مالی سال 2024-25 کے لیے گوشت کی پیداوار بڑھانے کی غرض سے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں "کٹاو بچھڑا فربہ پروگرام" شامل کیا ہے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ بتایا جائے کہ:

1۔ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے لیے کتنے فارم منظور کیے گئے ہیں؟

2۔ ان فارموں کی منظوری کے لیے کیا معیار / پالیسی وضع کی گئی تھی؟

3۔ منظور شدہ فارموں میں سے حلقہ پی کے۔111 کو کتنے فارم الاٹ کیے گئے ہیں؟ اسکی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 02, 2025 -- 04:15 PM - Tue
**Question # 1790**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کرک کے علاقہ گڈی خیل میں پینے کے پانی میں یورینیم کی مقدار باقاعدہ سائنسی بنیادوں پر جانچی گئی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) پانی میں یورینیم کی کتنی مقدار پائی گئی ہے؟ اور یہ عالمی ادارہ صحت (WHO) کے مقررہ معیار سے کس حد تک زیادہ ہے؟

(ii) کیا حکومت نے پانی سے یورینیم کے خاتمے (Removal/Decontamination) اور عوام کو صاف پانی فراہم کرنے کے لیے واٹر فلٹریشن یا ٹریٹمنٹ پلانٹس نصب کیے ہیں یا کوئی متبادل انتظام کیا گیا ہے اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائے۔

**Notice Date :** Sep 17, 2025 -- 01:31 PM - Wed
**Question # 1851**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**محترمہ خدیجہ بی بی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی ضلع چترال میں ترقیاتی منصوبے جاری ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) سال 2023 سے تاحال مکمل شدہ اور زیر تکمیل منصوبوں کی تفصیل بمعہ مقام، نوعیت، تخمینہ لاگت اور ایڈمنسٹریٹو اپروول بیان کی جائے۔

(ii) جاری و باقی ماندہ سکیموں اور ترقیاتی فنڈز میں بقایا رقم کی تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا چونواں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جوکہ 11 دسمبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:46 AM - Mon
**Question # 1514**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ پشاور کے سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں سے مختلف ٹیسٹوں کیلئے مبلغ 500روپے اوراس سے زیادہ کی فیس وصول کی جاتی ہے؟

(ب)اگر(الف) کا جواب اثبات میں ہوتو

(i)سی ٹی سکن،MRIاور گردوں /دل کے ٹیسٹوں کی کتنی فیس وصول کیاجاتی ہے؟نیزمختلف آپریشن کی کتنی فیس وصول کی جاتی ہے؟

(ii)اس میں معذور، گونگے،نابینااور بوڑھوں کے لیے کتنی رعایت ہے؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:51 AM - Mon
**Question # 1511**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ایوب میڈیکل کالج اورایوب میڈیکل ٹیچنگ انسٹی ٹیوٹ کی پُرانی عمارت کی جگہ نئی عمارت تعمیر کرنے کامنصوبہ منظور ہواتھا؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ نئی عمارت تعمیر کرنے کامنصوبہ اب ختم کیاگیاہے؟

(ج)اگر(الف)اور(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تومنصوبہ ختم کرنے /روکنے کی وجوہات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:54 AM - Mon
**Question # 1372**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 02, 2025 - Wed
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر سیاحت ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیاحکومت کاسیاحتی مقامات پرWinter Sports Ski Resortsکی سہولیات کی فراہمی اور سڑکوں کو تعمیر کرنے کا کوئی پروگرام ہے؟تفصیل فراہم کی جائے -

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:50 PM - Mon
**Question # 1583**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ غیر قانونی کلینکس، نرسنگ ہومزاورڈاکٹرز کے غیر قانونی نیم بورڈز کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائی گئیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب مثبت میں ہوتو پچھلے پانچ سالوں میں مذکورہ خلاف ورزیوں کے خلاف کتنی کاروائیاں کی گئیں ہیں اوراس کے کیانتائج مرتب ہوئے ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:51 PM - Mon
**Question # 1592**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ خلیفہ گل نواز ہسپتال بنوں میں کچھ پوسٹیں خالی ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو :

(i)ڈاکٹرزاور دیگر عملے کی کتنی اور کون کونسی آسامیاں خالی ہیں؟

(ii)ہسپتال میں کل کتنی منظور شدہ آسامیاں ہیں اور کتنی پراجیکٹ پوسٹیں ہیں؟پوسٹوں کی نوعیت اور پوسٹوں کی تعداد کی مکمل لسٹ فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:39 AM - Tue
**Question # 1505**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرہسپتال خار ضلع باجوڑ میں تعینات ڈاکٹروں اور دیگر عملہ کی تفصیل فراہم کی جائے نیز کتنے ڈاکٹروں اور دیگر عملہ کی آسامیوں تاحال خالی ہیں؟

(ب)مذکورہ ہسپتال میں ڈاکٹروں اور دیگر عملہ کی کمی کو کب تک پورا کیا جائے گا نیز خالی آسامیوں پر تاحال تعیناتی کیوں عمل میں نہیں لائی گئی مکمل تفصیل فراہم کی جائے ۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:41 AM - Tue
**Question # 1533**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ صوبے کی مختلف جیلوں میں معذور اور ذہنی مریض قیدی بھی موجود ہیں؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i)گزشتہ تین سالوں کے دوران کتنے مریض، معذور اور ذہنی مریض کون کون سی جیلوں میں موجود ہیں؟اور ان قیدیوں پر تین سالوں کے دوران کون کون سی مد کتنا خرچ ہوا ہے؟

(ii)صوبے کی ہر جیل میں قیدیوں کیلئے کتنی گنجائش ہے اور اس وقت قیدیوں کی تعداد ہر جیل میں کیا ہے؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:51 AM - Tue
**Question # 1536**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)کیا صوبہ بھر میں اور خصوصاً ضلع پشاور میں مختلف قسم کے اسلحہ کی خرید وفروخت ہوتی ہے؟

(ب)اسلحہ کی خریداری کیلئے کیا طریقہ کار ہے اور اس کی تصدیق اور خرید کی تصدیق کس طرح ہوتی ہے؟اس کا کیا طریقہ کار ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے

(ج)اس میں جرائم پیشہ افراد کی اسلحہ خریداری کی روک تھام کیلئے کوئی طریقہ کار موجود ہے؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:59 AM - Tue
**Question # 1659**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کے زیر نگرانی مختلف اسلحہ ڈیلرز اسلحہ کی خرید وفروخت کالائسنس حاصل کرتے ہیں؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو :

(i)اسلحہ ڈیلر کو لائسنس کس طریقہ کار کے تحت دیا جاتا ہے؟اور اسکی تحقیقات اور ویریفکیشن کس طریقے کار کے تحت کون کون سے مراحل کے تحت کن کن افراد کی زیر نگرانی کی جاتی ہے؟مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)نیز سال 2023 سے تاحال کتنے اسلحہ ڈیلرز کو لائسنس کس طریقہ کار کے تحت کون کون سی کیٹیگری کے جاری کیے گئے ہیں؟ پورے ضلع پشاور کی ڈیلرز کی لسٹ بمعہ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:01 AM - Tue
**Question # 1531**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ سال 2018 سے 2024 ستمبر تک محکمہ میں بھرتیاں ہوئی ہیں؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i)آیا ان بھرتیوں میں اقلیتوں، خواتین اور معذوروں کے لیے کوٹہ موجود تھا؟اگر کوٹہ موجود تھا تو کتنا تھا اور اس پر پوری طرح عمل درآمد ہوا ہے یا نہیں اور کتنی سیٹیں تاحال خالی ہیں

(ii)مذکورہ عرصہ کے دوران تمام بھرتی شدہ افراد کی لسٹیں بمعہ نام، عہدہ اور پتہ فراہم کی جائیں۔نیز اقلیت، خواتین اور معذور جو کوٹے پر بھرتی ہوئے ہیں۔ان کی الگ الگ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:02 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1606**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)پشاور پولیس سروسز ہسپتال میں سی۔ٹی سکین مشین کب فراہم کی گئی اور روزانہ کی بنیاد پر اس مشین کے ذریعے کتنے مریضوں کو سہولت دی جا رہی ہے۔سال 2018ء سے تاحال مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:12 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1595**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ حلقہ PK-32 لوئر کوہستان میں مختلف قسم کے BHUs اور RHCs کے ساتھ ایک THQ ہسپتال بھی موجود ہے؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i)مذکورہ BHUs اور RHCs میں کتنے فعال اور غیر فعال ہیں؟ غیر فعال کی وجوہات بتائی جائیں۔

(ii)مذکورہ THQ ہسپتال پٹن میں کون کونسا عملہ تعینات ہے اور اہل علاقہ کو کیا کیا سہولیات دی جارہی ہیں؟

(iii)آیا THQ ہسپتال دونوں تحصیلوں کے لئے کافی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:14 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1573**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہستان میں پولیس کیلئے پولیس لائن موجود نہیں ہے؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟۔تاحال ضلع میں پولیس لائن کیوں نہیں بنائی گئی ہے؟اور پولیس لائن دفتر کا قیام کب تک عمل میں لایا جائے گا۔تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:20 AM - Tue
سوال نمبر**Question # 1599**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد رشاد خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ 13-2012 میں آئی ایچ پراجیکٹ میں ٹیکنیشنز بھرتی ہوئے تھے؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ 2016 اسمبلی ایکٹ کے تحت مذکورہ ٹیکنیشنز کو مستقل کر کے بی پی ایس-6 سکیل دیا گیا تھا؟

(ج)آیا یہ بھی درست ہے کہ ان کے بعد بھرتی شدہ ٹیکنیشنز کو سکیل 12 میں بھرتی کئے گئے ہیں؟

(د)اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i)ایک جیسے ڈپلومہ رکھنے والے ٹیکنیشنز کی بنیادی سکیل میں فرق کس بنیاد پر ہے۔

(ii)آیا حکومت سکیل 6 کے ٹیکنیشنز کو بھی سکیل 12 دینے کا ارادہ رکھتا ہے تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:21 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1603**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد رشاد خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں ملیریا کے کیسز میں خطرناک حد تک اضافہ ہوا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبے کے جن علاقوں یاضلعوں میں ملیریا کی شرح زیادہ ہے۔ وہاں پر ملیریا کی روک تھام اور ضروری اقدامات کئے گئے ہیں؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع شانگلہ میں 24-2023 کے دوران API کی شرح صوبے کے دوسرے ضلعوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ رہی؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i) ضلع شانگلہ جو کہ سب سے متاثر ہونے کے باوجود وہاں پر ملیریا کی روک تھام کیلئے کیوں کوئی خصوصی پراجیکٹ یا پروگرام شروع نہیں کیا گیا؟ جبکہ اس کے برعکس جن ضلعوں میں انتہائی کم کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ ان اضلاع جن میں خصوصی طور پر ضلع دیر شامل ہیں۔ وہاں پر غیر ضروری پراجیکٹ شروع کئے گئے ہیں۔ اور متاثر اضلاع خاص کر شانگلہ میں ایسا کوئی پروگرام یا پروجیکٹ جو ملیریا کو کنٹرول کر سکے شروع نہیں کیا گیا۔

(ii) ہر ضلع کی شرح API کی تفصیل فراہم کی جائے

(iii) حکومت بروقت ہنگامی بنیادوں پر ضروری اقدامات اور ملیریا کنٹرول پروگرام شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:10 PM - Mon
**سوال نمبر Question # 1626**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ رسم "سورہ" کے روک تھام کیلئے اسمبلی نے ایک قرارداد متفقہ طور پر منظور کی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ قانون نے اس ضمن میں اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں تفصیل فراہم کی جائے اور اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائیں۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا پچپنواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

## جو کہ 12 دسمبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:49 AM - Tue
**Question # 1507**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر محکمہ لیبر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ کی زیر نگرانی ورکرویلفئیر بورڈ نے گزشتہ (5) سالوں کے دوران کتنے ترقیاتی منصوبے شروع کئے تھے ؟اور موجودہ وقت کتنے جاری ہیں؟ گزشتہ (5) سالوں کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 25, 2025 -- 12:00 PM - Mon
**Question # 1800**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہ کرم وزیر برائے آبکاری و محاصل اور انسدادِ منشیات ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ آبکاری و محاصل اور انسدادِ منشیات میں وقتاً فوقتاً دیگر محکموں کے ملازمین کو ڈیپوٹیشن پر تعینات کیا گیا ہے ؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

1۔اس وقت محکمہ ھذا میں کل کتنے ملازمین مختلف محکموں سے ڈیپوٹیشن پر تعینات ہیں؟ براہِ کرم متعلقہ محکموں اور مدتِ ملازمت سمیت تفصیل فراہم کی جائے۔

2۔ محکمہ میں ڈیپوٹیشن پر تعیناتی کے لیے اپنے اصلی محکمہ (Parent Department) میں ملازمت کی کم سے کم مدت کیا مقرر ہے؟ نیز دیگر شرائط و قواعد و ضوابط کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 28, 2025 -- 04:00 PM - Thu
**Question # 1778**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر لیبر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا میں ڈاکٹرز بھی تعینات ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) جو ڈاکٹرز دو سال سے زائد ایک ہی پوسٹ / پوزیشن پر تعینات ہیں ان کی عرصہ تعیناتی کی کوائف کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے

(ii) اس کے بارے گورنمنٹ / چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کی پالیسی کیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) عرصہ دو سال سے زیادہ ایک ہی پوسٹ / پوزیشن پر تعینات رہنے کی وجوہات سمیت ان ڈاکٹرز کے نام اور عرصہ تعیناتی کی تفصیل بھی الگ الگ فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 01:26 PM - Mon
**Question # 1780**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبکاری و محاصل اور انسداد منشیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع مردان میں تمباکو کی پیداوار ہوتا ہے ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ حکومت، صوبائی اور وفاقی فنڈز میں تمباکو سے وفاقی اور صوبائی سیس کی کٹوتی کرتی ہے ؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) گزشتہ دس سالوں کے دوران ضلع مردان کو تمباکو سیس کی مد میں کتنی رقم مہیا کی گئی ہے ؟

(ii) مذکورہ رقم کس فارمولے کے تحت کن کن تحصیلوں اور حلقوں میں تقسیم کی گئی ہے ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 07:01 PM - Mon
**Question # 1781**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر آبکاری و محاصل وانسداد منشیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اگست میں ایکسائز پولیس نے G.C.P چیک پوسٹ پشاور پر چیکنگ کے دوران دو قدیم مجسمے برآمد کیے تھے اور یہ مجسمے تاریخی اور ثقافتی اعتبار سے نا صرف قیمتی بلکہ بین الاقوامی منڈی میں اس کی مالیت کروڑوں میں بتائی جاتی ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ مجسمے اب کہاں ہیں ؟ اور ملزمان کے خلاف کیا کاروائی ہوئی ہے ؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 07:02 PM - Mon
**Question # 1789**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی، جنگلات و ماحولیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہزارہ اور ملاکنڈ ڈویژن میں جنگلات کی بے دریغ کٹائی کی شکایات محکمہ ہذا کو موصول ہوئی ہیں ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس حوالے سے حکومت نے ایک مانیٹرنگ کمیٹی بھی تشکیل دی تھی ؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ جنگلات / درختوں کی سمگلنگ میں ڈائریکٹوریٹ کے 60 افسران بھی ملوث ہیں ؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہو تو تشکیل شدہ کمیٹی کی رپورٹ سمیت ان میں ملوث افسران / اہلکاروں کے خلاف کی گئی کاروائی کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Sep 02, 2025 -- 06:10 PM - Tue
**Question # 1795**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی و جنگلات و ماحولیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں جنگلات کی غیر قانونی اور بے دریغ کٹائی ہوتی ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو 2013 میں کوہستان لوئر میں کٹائی سے پہلے جنگلات کا تناسب کیا تھا اور 2024 میں کٹائی کے بعد اسکا تناسب کتنا رہ گیا ہے ؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 02, 2025 -- 06:14 PM - Tue
**Question # 1797**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر جنگلات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ جنگلات نے ضلع لوئر کوہستان کے مالی سال 25-2024 کے لئے مختلف سکیموں کے لئے رقم مختص کی تھی ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ نے مالی سال 25-2024 کے لئے کتنی رقم اور کس کس سکیم کے لئے مختص کی تھی ؟ مختص رقم کا استعمال کس طرح اور کن منصوبوں کے لئے ہوا ہے ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:34 PM - Fri
**Question # 1761**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر موسمی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات اور جنگلی حیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موسموں کی تبدیلی اس وقت پوری دنیا کا سب سے اہم مسئلہ ہے جس سے لوگ متاثر ہو رہے ہیں ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان کے شدید اثرات سے بچنے کیلئے محکمہ نے اب تک کتنا کام کیا ہے اور کیا حکمت عملی اپنائی گئی ہے تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:40 PM - Fri
**Question # 1843**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر موسمی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات اور جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ جنگلات ضلع ہری پور کی طرف سے مقامی استعمال کیلئے لکڑی کا کوٹہ مقرر ہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ ضرورت مندوں کو چھان بین اور تحقیقات کے بعد لکڑی کا پرمٹ دیا جاتا ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 2022 میں ضلع ہری پور میں جن افراد کو پرمٹ دیے گئے ہیں۔ ان کی فہرست بمعہ مقصد و تعداد لکڑی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 25, 2025 -- 04:00 PM - Thu
**Question # 1865**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 10, 2025 - Fri
**محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر محاصل وآبکاری اور انسداد منشیات ازراہِ کرم یہ وضاحت فرمائیں گے کہ:

(الف) پشاور شہر میں ٹیکسیوں کی مجموعی تعداد کیا ہے؟ نیز ان میں رجسٹرڈ اور غیر رجسٹرڈ ٹیکسیوں کی علیحدہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) غیر رجسٹرڈ ٹیکسیوں کے خلاف اب تک کیا اقدامات کیے گئے ہیں؟ اور کیا ان کے لیے کوئی ضابطہ اخلاق یا جامع پالیسی مرتب کی گئی ہے؟

(ج) بالعموم پشاور اور بالخصوص یونیورسٹی روڈ پر ان ٹیکسیوں کے باعث عوام کو پارکنگ کے مسائل اور ٹریفک جام کی مشکلات کا سامنا رہتا ہے۔ اس صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے حکومت نے کون سے عملی اقدامات کیے ہیں؟

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

## نویں اجلاس کا چھپنواں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

### جو کہ 15 دسمبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

Notice Date: Aug 10, 2025 -- 06:00 PM - Sun
Question # 1704سوال نمبر
Sent to Dept Date: Aug 19, 2025 - Tue
محترمہ آمنہ سردار صاحبہ ,رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرزکوۃ,عشروسماجی بہبوداز راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا کے تحت چلنے والے ادارے مثلاً دار الامان، شیلٹر ہوم اور بلائینڈ سکول میں کھانے کی فراہمی کے ٹھیکے دیئے جاتے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) ضلع ایبٹ آباد میں گزشتہ دس سال کے دوران یہ ٹھیکہ کن افراد یا اداروں کو دیا گیا ہے ان کے نام پتہ اور معاہدوں کی مدت کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) اگر یہ ٹھیکہ مسلسل کسی ایک ہی ٹھیکدار یا ادارے کو دیا گیا ہے تو اس کی وجوہات، قانونی جواز اور متعلقہ دستاویزی ثبوت پیش کئے جائیں۔

(iii) کیا ٹھیکہ دینے کا عمل مقررہ قوانین، مسابقتی طریقہ کار، اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق کیا گیا ہے اگر نہیں تو اس کی وجوہات بیان کی جائیں۔

(iv) کیا اس ضمن میں کسی قسم کا آڈٹ، انکوائری یا احتسابی کارروائی عمل میں لائی گئی اگر ہاں تو اس کی مکمل تفصیلات اور نتائج فراہم کیے جائیں۔

Notice Date : Aug 27, 2025 -- 11:01 AM - Wed
Question # 1751سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 08, 2025 - Mon
محترمہ ایمن جلیل جان صاحبہ ,رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے محکمہ آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے صوبے میں سال 2023 سے تاحال ندی نالوں اور دریاؤں میں سیلاب سے بچاؤ کے لیے مختلف منصوبے شروع کئے تھے

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2023 سے تاحال صوبے میں سیلاب سے بچاؤ کے زیر غور، جاری اور مکمل ہونے والے منصوبوں کی تفصیل بمعہ اخراجات فراہم کی جائیں\

Notice Date : Sep 03, 2025 -- 02:33 PM - Wed
Question # 1810سوال نمبر
Sent to Dept Date: Sep 17, 2025 - Wed
جناب احسان اللہ خان صاحب ,رکن صوبائی اسمبلی

ازراہ کرم وزیر برائے آبپاشی ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ صوبائی بجٹ 2024-25 اور 2025-26 میں مختلف امبریلا سکیمیں رکھی گئی ہیں، جن میں آبپاشی ٹیوب ویلز کی سکیمیں بھی شامل ہیں؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم یہ وضاحت فرمائی جائے کہ ان ٹیوب ویلز کی کسانوں میں تقسیم کے لیے کیا طریقہ کار اور معیار مقرر کیا گیا تھا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 11, 2025 -- 12:34 PM - Thu
**Question # 1839سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر زکواۃ، عشر اور سماجی بہبود آبادی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلعی زکواۃ کمیٹیوں میں BPS-17 تک کے ملازمین اپنے اصل پوسٹ کے علاوہ کسی اور پوسٹ پر تعینات ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) محکمہ زکواۃ سیکرٹریٹ میں کل کتنے اہلکار BPS-17 تک تعینات ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) محکمہ زکواۃ سیکرٹریٹ میں اپنے اصل پوسٹ پر تعینات اہلکاروں کی تفصیل مندرجہ ذیل پروفارمہ کے مطابق فراہم کی جائے۔ نام، اصل عہدہ، پے سکیل، کس سیکشن میں تعینات ہیں؟ اس سیکشن میں متعلقہ پوسٹ موجود ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو وجہ بیان کی جائے۔ تاریخ تعیناتی بھی۔

(iii) محکمہ زکواۃ سیکرٹریٹ میں کون سے اہلکار اپنے اصل پوسٹ کے علاوہ غیر متعلقہ پوسٹوں پر تعینات ہیں؟ نام، اصل عہدہ، غیر متعلقہ پوسٹ کا نام اور

پے سکیل، تاریخ تعینات، یہ غیر متعلقہ تعیناتیاں کن رولز / پالیسی کے تحت ہوئیں؟ رولز کی کاپی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 10:07 AM - Fri
**Question # 1822سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرامداد، بحالی وآبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حالیہ بارشوں سے ضلع کوہستان میں جانی و مالی نقصانات ہوئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع بھر میں بارشوں، سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ سے متاثرہ افراد اور خاندانوں کی حکومت نے کیا امداد کی ہے؟ امداد کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 10:09 AM - Fri
**Question # 1834سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرامداد، بحالی وآبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع کوہستان کے تینوں اضلاع میں 1122 کے ہیڈکوارٹرز کے پاس قدرتی آفات اور ریسکیو آپریشنز کے کون کون سے وسائل موجود ہیں؟ نیز جن وسائل کی کمی ہے اسکی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 17, 2025 -- 01:30 PM - Wed
**Question # 1828سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**محترمہ خدیجہ بی بی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرزکواۃ، عشر، اور سماجی بہبود آبادی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع چترال میں کل کتنے خواتین دستکاری سنٹرز موجود ہیں؟ اور کہاں کہاں پر واقع ہیں اس میں کتنے سنٹر فنکشنل اور کتنے نان فنکشنل ہیں؟

(ب) مذکورہ فنکشنل سنٹرز میں جو افراد کام کر رہے ہیں اور موجودہ وقت ڈیوٹی پر تعینات ہیں ان کے نام، پتہ، ڈومیسائل، جائے تعیناتی، پوسٹ، BPS اور حاضری کی فرداً علیحدہ علیحدہ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) نیز جو سنٹرز موجودہ وقت نان فنکشنل ہیں اس کی وجوہات بتائی جائیں اور یہ کب تک فنکشنل ہو گی مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Sep 22, 2025 -- 06:16 PM - Mon
**Question # 1859سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 10, 2025 - Fri
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرامداد، بحالی وآبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع بونیر اور سوات میں جو حالیہ سیلاب آیا ہے۔ اس سلسلے میں صوبائی ملازمین کی تنخواہوں میں سے کل کتنی کٹوتی ہوئی ہیں؟

(ب) صوبائی حکومت نے اپنے فنڈ سے کتنی رقم دی ہے؟

(ج) سیلاب میں کل شہید ہونے والوں کی تعداد، نام اور پتہ کے ساتھ فراہم کی جائے۔

(د) کل کتنے مکانات و دوکان مکمل تباہ ہوئے ہیں؟ مالک کے نام اور پتہ کے ساتھ تفصیلات فراہم کی جائے۔

(ہ) اب تک جن جن لوگوں کو ادائیگیاں ہوئی ہیں۔ نام اور پتہ کے ساتھ تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Sep 22, 2025 -- 06:18 PM - Mon
**Question # 1852سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہ کرم وزیر برائے خزانہ ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ سال 2020ء میں قانون سازی کے ذریعے "Minorities (Victims of Terrorism) Endowment Fund" قائم کیا گیا تھا؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ وضاحت فرمائی جائے کہ اس فنڈ کے لیے seed money کس نے، کب اور کس مقصد کے لیے فراہم کی تھی؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 10, 2025 -- 02:39 PM - Fri
**Question # 1879**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 21, 2025 - Tue
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر سماجی بہبود از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہری پور میں ایک ووکیشنل سنٹر موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) مذکورہ ووکیشنل سنٹر کے پاس کون کون سا سامان کتنی تعداد میں موجود ہے اور کس کس کے پاس ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) لیڈیز انسٹرکٹر کو کام سے کیوں روک دیا گیا ہے؟ ان کے جگہ کون کام کر رہا ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا ستاونواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

### جو کہ 16 دسمبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کیے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:03 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1382**
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت سکولوں کے طلباء وطالبات کو مفت کتب فراہم کرتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کتب فراہمی کا طریقہ کار کیا ہے نیز پرنٹنگ اور ترسیل پر سالانہ کتنا خرچہ آتا ہے۔ 2022 سے تاحال تمام اخراجات کی مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:26 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1432**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ھری پور اور ضلع ایبٹ آباد میں بوائز اور گرلز پرائمری، مڈل وہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولز موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو!

(i) مذکورہ اضلاع میں کتنے اور کہاں کہاں بوائز اور گرلز پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولز موجود ہیں۔ تمام سکولوں میں بچوں اور بچیوں کی تعداد سکول وائز فراہم کی جائے۔

(ii) گزشتہ حکومت نے کتنے گرلز سکولز کہاں کہاں تعمیر کیے ہیں اور مزید کتنے سکولوں کی ضرورت ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:45 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1558**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر توانائی وبرقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبائی حکومت نے سالانہ ترقیاتی پروگرام 19-2018 سے لیکر 23-2022 تک توانائی وبرقیات کے شعبے میں نئے اور جاری منصوبوں کیلئے رقوم مختص کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ مالی سالوں کے دوران پہلے سے جاری پروگرام کے تحت ان منصوبوں کیلئے اور ضلع میں شامل نئے منصوبوں کیلئے جاری شدہ فنڈز میں سے اے ڈی پی وار کتنی رقوم فراہم کی گئی ہیں؟ جاری شدہ رقوم کی تفصیل ضلع وار فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:49 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1591**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں لائبریریاں قائم کی گئی ہیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو یہ لائبریریاں کن کن اضلاع میں قائم کی گئی ہیں؟ ان لائبریریوں میں موجود کتابوں کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:55 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1521**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب ارباب محمد عثمان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر خوراک از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ میں آٹے کی قیمتوں کا تعین کرنا صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i)سال2013سے تاحال آٹے کی قیمتوں کا تعین کس طریقہ کار کے تحت کیا گیا ہے؟اور آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کی وجوہات کیا ہیں؟

(ii)سال2013سے تاحال آٹے کی قیمتوں کی تفصیل بمعہ سرکاری نرخنامہ جات کی کاپیاں فراہم کی جائیں۔

(iii)آٹے کی قیمتوں میں کمی لانے کیلئے حکومت نے کیا اقدامات اور فارمولہ طے کیا ہے؟مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:56 AM - Tue
**Question # 1522 سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**Mr. Arbab Muhammad Usman Khan, Member Provincial Assembly**

Will the Minister for Food state that :

(a) What is the current production per acre of wheat?
(b)What is our need for flour consumption?
(c)What is being done tangibly for ensuring that the flour production is being increased?
(d)What will be the wheat production in the coming year and accordingly flour production and would that suffice the flour demand?

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:13 AM - Tue
**Question # 1602سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہستان میں پٹن کالج موجود ہے؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i)مذکورہ کالج میں منظور شدہ پوسٹوں کی تعداد کتنی ہے؟اور موجودہ وقت کتنا عملہ تعنیات ہے اور کون کون سے پوسٹ پر کام کر رہا ہے

(ii)طلباء کی پڑھائی کی کیا صورتحال ہے۔نیز مذکورہ کالج میں سٹاف کی کمی کو کب تک پورا کیا جائے گا۔تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:20 PM - Mon
**Question # 1624سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر خوراک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ 2018 سے ستمبر 2024 تک محکمہ میں بھرتیاں ہوئی ہیں؟

(ب)اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i)آیا مذکورہ بھرتیوں میں اقلیتی، خواتین اور معذور افراد کے لیے کوٹہ موجود تھا؟اگر کوٹہ موجود تھا تو کتنا تھا اور اس پر پوری طرح عمل درآمد ہوا ہے یا نہیں اور کتنی آسامیاں تاحال خالی ہیں۔

(ii)مذکورہ عرصہ کے دوران تمام بھرتی شدہ افراد کی لسٹیں بمعہ نام، عہدہ اور پتہ فراہم کی جائیں۔

(iii)اقلیت، خواتین اور معذور افراد جو کوٹے پر بھرتی ہوئے ہیں۔ان کی الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:29 PM - Mon
**Question # 1646سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ کوہاٹ یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میں ایک ٹیچر کو رجسٹرار کے عہدے پر تین ماہ سے زیادہ مدت کے لیے تعینات کیا گیا؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ خیبر پختونخواہ یونیورسٹیز ایکٹ 2012 کے مطابق ایسا کرنا غیر قانونی ہے؟

(ج)اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو۔

(i)کس قانون کے تحت مذکورہ ٹیچر کا رجسٹرار کے عہدہ پر تقرر کیا گیا۔

(ii)اس غیر قانونی تقرری کے خلاف کیا قانونی کاروائی کی گئی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 29, 2025 -- 03:50 PM - Tue
**Question # 1687**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 04, 2025 - Mon
**جناب محمد عبدالسلام صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ اسمبلی کی طرف سے مورخہ 11نومبر2024کومتفقہ طورپرپاس کردہ قرارداد نمبر112محکمہ ہذاکوموصول ہوئی تھی؟(کاپی لف ہے)

(ب)مذکورہ قرارداد میں محکمہ سے متعلق امورپرتاحال حکومت نے کیااقدامات اٹھائے ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 29, 2025 -- 03:52 PM - Tue
**Question # 1697**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2025 - Fri
**جناب محمد عبدالسلام صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیربرائےاعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)صوبائی اسمبلی خیبرپختونخوا میں مورخہ 11نومبر2024کومتفقہ طورپرپاس کردہ قرارداد نمبر112کے ضمن میں محکمہ سے متعلق اُمورپرتاحال حکومت نے کیااقدامات اٹھائے ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2025 -- 05:32 PM - Fri
**Question # 1742**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 02, 2025 - Tue
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)سال2025کے سالانہ امتحانات میں اس مرتبہ دسویں جماعت میں کتنے فیصد معذور بچوں نے امتحان دیا، کتنے فیصد معذور بچے اس امتحان میں کامیاب اور کتنے فیل ہوئے؟تفصیل فراہم کریں۔

(ب)اگر معذور بچوں کی فیل ہونے کی شرح زیادہ ہے تو اسکی وجہ کیاہے؟تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Aug 12, 2025 -- 09:32 AM - Tue
**Question # 1735**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 02, 2025 - Tue
**محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ حکومت گرلز سکولوں میں درج بچیوں کو وظیفہ مہیاکرتی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو

(i)کیایہ سکیم اب بھی موجود ہے؟اور کس جماعت کی طالبات کو یہ وظیفہ اداکیاجاتاہےاور اس وظیفہ کی ماہانہ رقم کتنی ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے

(ii)اگر یہ سکیم اب موجود نہیں تو حکومت پھر کب شروع کرنے کاارادہ رکھتی ہے؟

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:30 AM - Wed
**Question # 1736**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 02, 2025 - Tue
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ گذشتہ حکومت نے صوبہ بھر میں نئے سکولز تعمیر کئے ہیں؟

(ب)اگر(الف) کاجواب اثبات میں ہوتو تحصیل ہری پور میں طلباء وطالبات کے کل کتنے اور کہاں کہاں پر پرائمری،مڈل وہائیر سیکنڈری سکولز تعمیر کئے گئے ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:34 AM - Wed
**Question # 1741**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 02, 2025 - Tue
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ گذشتہ حکومت نے صوبہ بھر میں جن سکولوں میں طلباء وطالبات کی تعداد کم تھی۔ان سکولوں کو بند کیاگیاتھا؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو ضلع ہری پور میں طلباء وطالبات کے کل کتنے سکولز بند کئے گئے ہیں؟بمعہ سکول نام کے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:30 AM - Mon
**Question # 1727**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 25, 2025 - Mon
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر توانائی و برقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع لکی مروت کو تیل و گیس کی پیداوار کی بابت صوبائی حکومت کو (OGDCL) کی طرف سے (CSR) کی مد میں کتنا فنڈ ملا ہے ؟ اور کہاں کہاں پر یہ فنڈ خرچ کیا گیا ہے ؟

(ب) 2022 سے تاحال مذکورہ فنڈ کی سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) دیگر مدوں میں بھی (OGDCL) کی طرف سے تیل و گیس کی بابت ضلع لکی مروت کو کوئی فنڈ دیا گیا ہے ؟ اگر دیا گیا ہو تو اس کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا اٹھاونواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

### جو کہ 17 دسمبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:40 AM - Mon
**Question # 1567** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اے ڈی پی سال 2018 سے لیکر 2022 تک پشاور کی خوبصورتی کی مد میں کوئی رقم مختص کی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) مذکورہ مد میں کل کتنی رقم مختص کی گئی تھی اس رقم سے پشاور کی خوبصورتی کیلئے کون کونسے منصوبے پایا تکمیل تک پہنچے ہیں اور کتنے باقی ہیں؟

(ii) مکمل شدہ منصوبوں میں کتنی بچت ہوئی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) مذکورہ مکمل شدہ ہر ایک منصوبے کے پی سی ون، ٹینڈرز، ورک آرڈر اور تحریری مصدقہ دستاویزات کی کاپیاں فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:55 PM - Mon
**Question # 1476** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ہاؤسنگ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ ہذا کے تحت کتنی ہاؤسنگ سکیمیں چل رہی ہیں؟ اب تک کتنی ہاؤسنگ سکیموں کو مکمل کیا جا چکا ہے جبکہ کتنی سکیمیں زیر تکمیل اور کتنی پائپ لائن میں ہیں؟ اسکی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:56 PM - Mon
**Question # 1477** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ماہی پروری (فشریز) ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2022ء میں فشریز ایکٹ میں مختلف ترامیم کی گئیں ہیں جبکہ رولز ابھی تک زیر التوا ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو، مذکورہ ترامیم نافذالعمل ہونے کی صورت میں سال 2023ء سے تاحال کتنے لائسنس جاری کئے گئے؟ اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) آل پاکستان فشریز ایکٹ 1961 کے مطابق اینگلنگ لائسنس جو کہ وفاقی حکومت کے ماتحت صوبوں کے ذریعے جاری کئے جاتے رہے ہیں، کو کیوں تاحال بند کئے گئے؟ اس کی وضاحت کی جائے اور یہ کب تک بحال کئے جائیں گے؟

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:08 PM - Mon
**Question # 1634** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبنوشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع ہری پور میں محکمہ ہذا میں گریڈ 1 سے گریڈ 16 تک مختلف کیڈرز کی پوسٹیں خالی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوں تو:

(i) کل کتنی پوسٹیں خالی ہیں؟ اور کیوں خالی ہیں؟ ان میں کون سی اور کتنی آسامیاں ڈائریکٹ Initial recruitment اور محکمانہ پروموشن کے ذریعے پُر کی جاتی ہیں ان کی تفصیل حلقہ وائز بمعہ تحریری دستاویزات مندرجہ ذیل پروفارمہ کے مطابق فراہم کی جائیں۔

نمبر شمار، حلقہ نمبر، خالی پوسٹ کا نام بمعہ گریڈ ، خالی ہونے کی تاریخ، خالی پوسٹ پُر کرنے کا طریقہ کار، خالی ہونے کی وجوہات۔

(ii) حکومت نے خالی آسامیاں پُر کرنے کیلئے جو اقدامات اٹھائے ہیں ان کی تفصیل بمعہ کارروائی Recruitment Process بمعہ تحریری دستاویزات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:09 PM - Mon
**Question # 1635**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 10, 2025 - Thu
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ تحصیل ہری پور کے اکثرٹیوب ویلزپروال مین اورآپریٹرزکی آسامیاں خالی پڑی ہیں؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ متعددٹیوب ویلزپرایکسین اورایس ڈی اوآفس کے اہلکاروں کی ملی بھگت سے وال مینزاورآپریٹرزنے اپنی جگہ پرکم پیسوں پر پرائیویٹ لوگوں کورکھاہواہے؟ اوروہ خوددوسرے کام کررہے ہیں؟ جس کی وجہ سے وہاں کے مکینوں کوشدید مشکلات کاسامناہے؟

(ج)آیا یہ بھی درست ہے کہ ان پرائیویٹ وال مینوں اورآپریٹرزکی عدم توجہ کی وجہ سے جگہ جگہ وال خراب ہیں پانی کے لائنیں ٹوٹ پھوٹ کاشکارہوچکی ہیں؟

(د)اگر(الف)و(ج)کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i)کن کن گاوں کے ٹیوب ویلزپرسرکاری اہکاروں کی جگہ پرائیویٹ لوگ کام کررہے ہیں؟اورجوسرکاری ملازم خوداپنی ڈیوٹی نہیں دے رہااس کے خلاف کیوں تادیبی کاروائی نہیں کی جارہی؟تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)کن کن ٹیوب ویلزپروال مین اورآپریٹرزکی آسامیاں خالی ہیں؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:36 AM - Wed
**Question # 1711**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرآبنوشی ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)تحصیل ہری پورمیں2018سے لیکراب تک کتنی نئی واٹرسپلائی سکیمیں بنائی گئی ہیں؟

(ب)یہ سکیمیں کہاں کہاں بنائی گئیں ہیں،ان کی کل تخمینہ لاگت اوران میں کتنی فنکشنل اورکتنی نان فنکشنل ہیں،ہرایک کی تفصیل بمعہ تحریری دستاویزات فراہم کریں

(ج)نیزلینڈاونر(Land Owner) کے نام وپتہ اورانتقال اراضی کی کاپی بھی فراہم کریں۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:46 AM - Mon
**Question # 1719**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرمواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ لکی۔میانوالی روڈپردرہ تنگ کے مقام پرایک ٹول پلازہ واقع ہے؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ٹول پلازہ کی نیلامی کی مدمیں ایک خطیررقم خیبرپختونخواہائی ویزاتھارٹی کوملتی ہے؟

(ج)اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i)سال2020سے لےکراب تک صوبائی حکومت کوکل کتنی رقم مذکورہ ٹول پلازہ کی نیلامی کی مدمیں ملی ہے؟اس کی سالانہ وارتفصیل فراہم کی جائے

(ii)مذکورہ ٹول پلازہ کی ٹول ٹیکس سے حاصل شدہ رقم کے مصارف کیاکیاہیں؟اس کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:47 AM - Mon
**Question # 1718**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرمواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ لکی۔میانوالی روڈخیبرپختونخواہائی ویزاتھارٹی کے زیرانتظام ہے؟

(ب)آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ روڈعرصہ درازسے خستہ حالی،شکستہ پلوں اورجگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کاشکارہے؟

(ج)آیا یہ بھی درست ہے کہ سی پیک انٹرچینج سے قریب ہونے کی وجہ سے مذکورہ روڈنے انتہائی اہمیت حاصل کی ہے؟

(د)اگر(الف)تا(ج)کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i)مذکورہ روڈکی مرمت وبحالی کے لئے صوبائی حکومت نے سال2020سے لےکراب تک کل کتنی رقم خرچ کی ہے؟اس کی سالانہ وارتفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)نیزمستقبل میں مذکورہ روڈکی مرمت ومکمل بحالی کے لئے حکومت کاکیاارادہ ہے؟اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:44 PM - Fri
**Question # 1826**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر مواصلات وتعمیرات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ حکومت ہر سال سرکاری عمارتوں کی مرمت کیلئے(R&M) کی مدمیں فنڈز مختص کرتی ہے ؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتوضلع ہری پور کیلئے سال2018 سے لیکرتاحال کتنافنڈ مختص کیاگیااور کہاں کہاں پر خرچ ہواہےان کی بلڈنگ وائزتفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 18, 2025 -- 03:56 PM - Thu
**Question # 1872**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 10, 2025 - Fri
محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

ازراہ کرم وزیر برائے محکمہ ماہی پروری ارشادفرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ ھٰذاکے زیرانتظام صوبہ بھر میں مچھلی کی افزائش کے لیے کتنے مصنوعی تالاب موجود ہیں؟ان تالابوں کی ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 22, 2025 -- 06:01 PM - Mon
**Question # 1863**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 21, 2025 - Tue
محترمہ جمیلہ پراچہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)ٹی ایم اے کوہاٹ کو حکومت کی جانب سے سالانہ اور ماہانہ بنیادوں پر کتنافنڈجاری کیاجاتاہے؟اور یہ فنڈکن کن مدات میں استعمال کیاجارہاہے ؟

(ب) صفائی،اسٹریٹ لائٹس اور رقم مرمت پر خرچ کی گئی رقم مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔؟

(ج) کمپنی باغ کی مرمت, سولر سسٹم کی تنصیب اور سبستان پلازہ کے تعمیراتی کام پر کتنے اخراجات آئے ہر ایک کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(د)ٹی ایم اے کوہاٹ کی کل جائیدادوں اور ماہانہ آمدنی کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 22, 2025 -- 06:02 PM - Mon
**Question # 1875**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 21, 2025 - Tue
محترمہ جمیلہ پراچہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ کوہاٹ کے شہری علاقوں کی تقریباتمام یونین کونسلوں میں صفائی کی صورتحال انتہائی ناقص ہے۔کچرااٹھانے کے نظام میں رکاوٹیں ہیں۔سیوریج لائنوں کی صفائی نہیں کی جاتی اور عملہ ومشینری کی کمی کی شکایات بھی عام ہیں؟

اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو

(i)کیاٹی ایم اے کوہاٹ نے شہری یونین کونسلوں میں صفائی کے مسئلے کے حل کے لئے کوئی جامع لائحہ عمل ترتیب دیاہے؟ اگرلائحہ عمل موجودہے تواس کی تفصیلات( فنڈز،مشینری،افرادی قوت اور سالانہ منصوبہ جات) کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii)اس لائحہ عمل پراب تک کون سے اقدامات کئے گئے ہیں؟اور کن منصوبوں پر عمل درآمد جاری ہے؟اگر کوئی لائحہ عمل موجودنہیں توحکومت اس سنگین مسئلے کے حل کے لئےکب اور کیااقدامات اٹھائے گی؟

**Notice Date :** Sep 25, 2025 -- 04:01 PM - Thu
**Question # 1869**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 21, 2025 - Tue
محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)کیاحیات آباد کے رہائشی علاقوں میں نکاسی آب کے لیے بچھائی گئی پائپ لائنیں فیزیبیلٹی رپورٹ کے مطابق مقررہ سائزکی ہیں؟

(ب)فیزیبیلٹی رپورٹ یاپی سی ون میں ڈرینج پائپ لائنزکاکون ساسٹینڈرڈسائز منظور کیاگیاتھا؟

(ج)کیاموجودہ تعمیرات میں وہی منظور شدہ سائزاستعمال ہورہاہےیااس میں کوئی تبدیلی کی گئی ہے؟ اگرتبدیلی کی گئی ہے توکن وجوہات کی بنیادپر کی جارہی ہے؟

(د)کیاموجودہ پائپ لائن سائزحالیہ بارشوں کی شدت اور مقدار کے مطابق مؤثرنکاسی آب کی صلاحیت رکھتی ہے؟بارش کے دوران بار بار پانی گھروں میں داخل ہونے کی شکایات سامنے آرہی ہیں۔کیااس مسئلے کی بنیادی وجہ پائپ لائنزکاغیر موزوں سائزہے؟

(ذ)کیاکسی ماہرانجینئرنگ ادارے سے موجودہ ڈرینج سسٹم کی صلاحیت اور کارکردگی کاجائزہ لیاگیاہے؟اگرہاں تواس کی رپورٹ کی کاپی مہیاکی جائے؟

(ر) مستقبل میں نکاسی آب کے نظام کوبہتر بنانے کے لیے کیااقدامات تجویز کیے گئے ہیں۔

**Notice Date :** Sep 30, 2025 -- 10:20 AM - Tue
**Question # 1886**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 23, 2025 - Thu
**جناب جلال خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرزراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) پھند و سبزی منڈی پشاور میں کل کتنے مزدور کام کرتے ہیں؟ اور ہر مزدور کی تنخواہ کتنی ہے ؟

(ب) مذکورہ سبزی منڈی کے اندر مال بردار بڑی گاڑیوں، چھوٹی گاڑیوں اور ہاتھ گاڑیوں کا رش ختم کرنے کے لیے ان کی کیا ذمہ داری ہے ؟

(ج) مذکورہ منڈی میں انتظامیہ بارش کے بعد صفائی کا کام کتنے دنوں میں مکمل کرتا ہے ؟ مکمل تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 03:58 PM - Wed
**Question # 1878**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 23, 2025 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرِزراعت ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے ضلع کوہستان لوئر میں پھلوں اور سبزیوں کی پیداوار میں اضافہ کرنے اور منڈیوں کی ترقی کے لیے اقدامات کر رہا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) پھلوں اور سبزیوں کی پیداوار میں اضافہ کے لیے محکمہ کی حکمتِ عملی اور معاونتی پروگرامز کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

(ii) ضلع میں زرعی منڈی کے بنیادی ڈھانچے (جیسے سبزی منڈی، فروٹ منڈی وغیرہ) کی موجودہ حیثیت اور آئندہ ان کی اپ گریڈیشن سے متعلق مجوزہ منصوبوں کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 03:59 PM - Wed
**Question # 1880**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 23, 2025 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرِزراعت ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ زراعت صوبے میں کسانوں کی ترقی کے لیے مختلف مالی معاونتی اسکیمیں متعارف کراتا ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ کی جانب سے گزشتہ تین برسوں کے دوران ضلع لوئر کوہستان کے کسانوں کو دی گئی سبسڈیز اور مالی مراعات کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا انسٹھواں گروپ

## نشان زدہ سوالات(Starred Questions)

جو کہ 18 دسمبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 11:55 AM - Mon
سوال نمبر**Question # 1373**
**Sent to Dept Date:** Jul 02, 2025 - Wed
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر سیاحت و ثقافت وازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع ایبٹ آباد میں علاقائی ثقافت کے فروغ کے لیے حکومت کس قسم کے اقدامات اٹھارہی ہے اور اس مقصد کے لیے جو حکمت عملی اختیار کی جارہی ہے اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:04 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1377**
**Sent to Dept Date:** Jul 01, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ پولیس میں خواتین بھی تعینات ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) محکمہ پولیس میں خواتین کی تعداد کتنی ہے اور مرد پولیس کے تناسب سے خواتین پولیس کی تعداد کتنی ضروری ہے خواتین پولیس کی تفصیل عہدوں سمیت فراہم کی جائے۔

(ii) خواتین پولیس افسران / اہلکاروں اور مرد پولیس افسران / اہلکاروں کی ترقی کے لئے یکساں طریقہ کار ہے یا الگ الگ طریقہ کار موجود ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے نیز خواتین پولیس اہلکاروں کے لئے اپنا الگ ہاسٹلز اور کوارٹرز موجود ہیں کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:46 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1554**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر کھیل ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبہ خیبر پختونخوا میں سال 20-2019 اور 2021 کے کرکٹ سیزن میں کتنے فرسٹ کلاس میچز کھیلے گئے؟

(ب) صوبہ خیبر پختونخوا میں فرسٹ کلاس Grade-1 معیار کے کتنے میدان Stadiums موجود ہیں ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:48 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1584**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام 21-2020 کے لیے صوبے میں بنیادی مراکز صحت کی استعداد کار بڑھانے کیلئے منصوبہ شامل کیا گیا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں کتنے بنیادی مراکز صحت ہیں؟ اور ان میں سے کن کن بنیادی مراکز صحت کی استعداد کار کو بڑھایا گیا ہے؟ تحصیل وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:57 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1528**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں پولیس چوکیاں پولیس سٹیشنز میں تبدیل ہوتی ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ خاص کر ضلع بنوں سب ڈویژن وزیر میں پولیس چوکی پولیس سٹیشن میں تبدیل ہوئی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ پولیس سٹیشنوں کو زمین کون دیتا ہے؟ اور اُن کو پیسے کہاں سے ملتے ہیں؟ اور کس کو ملتے ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:58 PM - Mon
**Question # 1529**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا کے پولیس تھانوں میں درج کئے گئے کیسوں کی تفتیش پر تفتیشی افسر کو فنڈ ملتا ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو تفتیشی افسر کو کیس کے لحاظ سے کتنا فنڈ ملتا ہے ؟ اور یہ ریٹ کب سے فکس ہوا ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:45 AM - Tue
**Question # 1506**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ باجوڑ کیٹیگری A ہسپتال میں بنیادی سہولیات کے فقدان کی وجہ سے ہسپتال میں اینٹی سنسلک ویکسین (Anti Cinclic Vaccine) اور (Anti Rabies Vaccine) باؤلے کتے کے کاٹے کی ویکسین موجود نہیں اور نہ ہی اس کے لیے فنڈ مختص کیا گیا ہے ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ آکسیجن A09410- کی مد میں بھی گزشتہ دو (2) سالوں کے دوران کوئی فنڈ نہیں رکھا گیا ہے ؟

(د) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو مذکورہ ہسپتال میں مذکورہ ویکسینز کب تک فراہم کی جائے گی نیز فنڈز کب تک فراہم کئے جائینگے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:46 AM - Tue
**Question # 1475**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ 5 سالوں کے دوران صوبے کے بہتر مفادات کی خاطر کتنے منصوبے زیر غور ہیں ؟ اور کتنے منصوبوں پر کام شروع کیا گیا ہے ؟

(ب) گزشتہ 5 سالوں میں نئی اور جاری منصوبوں کی مکمل تفصیل بمعہ تخمینہ لاگت فراہم کی جائیں۔

(ج) نیز ضم اضلاع اور خصوصاً باجوڑ کی بھی علیحدہ علیحدہ تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 10:18 AM - Tue
**Question # 1578**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت صوبے کے مختلف جیلوں میں قید مرد و خواتین کو مختلف سہولیات فراہم کرتا ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبے کے مختلف جیلوں میں قید مرد و خواتین کو کون کونسی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں ؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 07, 2025 -- 02:11 PM - Mon
**Question # 1627**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع پشاور میں امن وامان کی صورت گھمبیر ہو چکی ہے ؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع پشاور میں قتل وغارت، ڈاکیتی، چوری، اغواء برائے تاوان، خواتین کو حراساں کرنا اور گاڑیاں چوری ہونا معمول بن چکا ہے ؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو یکم جنوری 2018 سے اگست 2024 تک کل کتنی وارداتیں ہوئی ہیں علیحدہ علیحدہ سال وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2025 -- 09:02 AM - Fri
**Question # 1699**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2025 - Fri
**محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر عملہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) مختلف محکموں میں خالی آسامیاں کب تک پُر کی جائیں گی ؟ محکمہ وار تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2025 -- 05:31 PM - Fri
**Question # 1690**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 07, 2025 - Thu
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) کیاڈی ایچ کیو بے نظیر بھٹو شہید ہسپتال ایبٹ آباد میں ادارہ بحالی معذوراں موجود ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو:

(i) او پی ڈی میں روزانہ کی بنیاد پر مریضوں کی تعداد کی تفصیل بمعہ تمام ترمیسر کردہ سہولیات فراہم کی جائے۔

ii)) مذکورہ ادارہ بحالی معذوراں میں فزیوتھراپی کے لئے موجود تمام مشینوں اور سازوسامان کی تفصیلات مہیا کی جائیں۔

**Notice Date :** Aug 13, 2025 -- 09:32 AM - Wed
**Question # 1710**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 2018ء سے 2025ء تک ضلع ہری پور میں (Deceased son quota) کے تحت محکمہ میں بھرتیاں کی گئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران بھرتی شدہ افراد، اُن کے والدین کے (Death) سرٹیفکیٹ، نام اور عہدہ کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:05 AM - Mon
**Question # 1739**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 01, 2025 - Mon
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مشیر صحت نے حال ہی میں کوہاٹ کی مختلف ہسپتالوں کا دورہ کیا تھا؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ جناب مشیر صاحب نے DHQ ہسپتال کوہاٹ میں ((MRI،Cath Lab اور (CT-Scan) کی سہولیات فراہم کرنے کا وعدہ کیا تھا؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ DHQ ہسپتال کوہاٹ کو مذکورہ سہولیات کب تک فراہم کیں جائیں گیں نیز مذکورہ ہسپتال پر جنوبی اضلاع ضلع کرک، کُرم، اورکزئی اور ہنگو کے عوام کا جورش ہے۔اس کے لیے کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:36 AM - Mon
**Question # 1733**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 25, 2025 - Mon
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر کھیل وامور نوجوانان ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع لکی مروت کو پچھلے پانچ سالوں (بشمول عبوری حکومت) میں کھیلوں کی سرگرمیوں کے لئے کتنا فنڈ جاری کیا گیا؟

(ب) یہ فنڈ کس کس ایونٹ میں استعمال ہوا؟ تمام ایونٹس کی سال 2019 سے تاحال اخراجات کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:40 AM - Mon
**Question # 1720**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**جناب جوہر محمد صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2021 سے اب تک ڈپٹی کمشنر لکی مروت آفس میں لیویز فورس سمیت دیگر ملازمین کی ٹیسٹ کے ذریعے کتنی بھرتیاں عمل میں لائی گئی ہیں؟

(ب) مذکورہ بھرتی شدہ لیویز اہلکار اور دیگر ملازمین کی مکمل میرٹ لسٹ، بمعہ شناختی کارڈ، آسامی کا نام اور دیگر متعلقہ ریکارڈ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ج) ڈپٹی کمشنر لکی مروت آفس میں اس وقت کتنی آسامیاں خالی ہیں۔اُن کی تفصیل بھی فراہم کی جائیں؟

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا ساٹھواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 19 دسمبر 2025ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:14 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1453**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا وائلڈ لائف اینڈ بائیوڈائیورسٹی ایکٹ کے باب III کے قوانین کے تحت بغیر اجازت نامے کے شکاری بازوں کے ذریعے شکار کرنا ممنوع ہے؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) خیبر پختونخواہ کے شہریوں کو شکار کے اس ثقافتی عمل میں حصہ لینے کی اجازت کے لئے اجازت نامے کیوں جاری نہیں کئے جا رہے؟

(ii) گزشتہ دس سالوں میں کتنے اجازت نامے جاری کئے گئے ہیں اور اسے جاری کرنے کا طریقہ کار کیا ہے؟

(iii) اگر اجازت نامے محدود ہیں تو ان کے اجراء میں رکاوٹ بننے والی مخصوص وجوہات کیا ہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:15 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1455**
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گزشتہ 3 سالوں کے دوران صوبہ بھر کے جنگلات میں آگ لگنے کے نتیجے میں بڑے پیمانے پر بلین ٹری سونامی پراجیکٹ کے سائیٹس کو نقصان پہنچا؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو بلین ٹری سونامی پراجیکٹ کی جن سائیٹس کو آتشزدگی سے نقصان پہنچا ہے۔ ان نقصانات کا تخمینہ کیا ہے؟ ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 28, 2025 -- 03:10 PM - Mon
سوال نمبر **Question # 1694**
**Sent to Dept Date:** Aug 18, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر برائے محکمہ مال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ دریائے سوات میں سرکاری زمینوں پر غیر قانونی قبضے اور آبادی کی گزشتہ تین سالوں کی رپورٹ تیار کی گئی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ رپورٹ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 23, 2025 -- 09:51 AM - Tue
سوال نمبر **Question # 1866**
**Sent to Dept Date:** Oct 13, 2025 - Mon
**محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر اوقاف، حج، مذہبی اور اقلیتی امور ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پچھلے دور حکومت میں محکمہ اوقاف کی زرعی زمینیں لیز پر دی گئی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ بھی بتایا جائے کہ وہ زمینیں کن افراد / اداروں کو کتنی اور کس قیمت پر دی گئیں؟ مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Sep 23, 2025 -- 09:52 AM - Tue
**سوال نمبر Question # 1861**
**Sent to Dept Date:** Oct 10, 2025 - Fri
**محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر موسمیاتی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات اور جنگلی حیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخوا کے جنگلات سے غیر قانونی طور پر لکڑی کی کٹائی ہوئی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس ضمن میں فارسٹری اینڈ مانیٹرنگ سرکل FPMC کی رپورٹ کے مطابق الائی اور دیگر علاقوں سے ایک ارب 70 کروڑ کی لکڑی تحویل میں لی گئی ہے؟

(ج) اگر (الف) و(ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اس ضمن میں مزید تین کمپاونڈز کی مانیٹرنگ بھی ہوئی ہے۔ اس کی کیا رپورٹ ہے؟ اور اس میں ملوث لوگوں کے خلاف کیا کاروائی ہوئی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 10, 2025 -- 02:33 PM - Fri
**سوال نمبر Question # 1888**
**Sent to Dept Date:** Oct 22, 2025 - Wed
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

از راہِ کرم وزیر برائے محکمہ مال ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) ضلع ہری پور کے سروس ڈلیوری سنٹر میں اب تک کتنے موضع جات (Mauzas) ڈیجیٹائز کیے جا چکے ہیں اور کتنے تاحال باقی ہیں؟ نیز باقی موضع جات کو کب تک ڈیجیٹائز کیے جانے کا امکان ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) اس نئی سروس کے ذریعے اب تک کتنے انتقالات مکمل ہو چکے ہیں اور کتنے زیرِ تکمیل یا زیرِ تجویز ہیں؟

(ج) محکمہ کو اس سنٹر کے ذریعے اب تک ٹیکسز یا فیس کی مد میں کتنی آمدن حاصل ہوئی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(د) مذکورہ سنٹر میں روزانہ کی بنیاد پر کتنے ٹوکنز جاری کیے جاتے ہیں؟ نیز یکم جون 2025ء سے تاحال جاری کردہ ٹوکنز کی تفصیل فراہم کی جائے۔